مارچ 2026

عزیز طلباء، اہلِ خانہ، معلمین، قائدین اور برادری کے ممبران،

نیو یارک شہر پبلک اسکولز (NYCPS) کے چانسلر، دو دہائیوں سے زیادہ کا معلم، اور ایک NYCPS والدین کے بطور، میرا یقین ہے کہ طلباء ایسے اسکولوں کے مستحق ہیں جو محفوظ اور تعلیمی طور پر مستحکم ہیں۔ آج، اسکا مطلب یہ بھی سیکھنا ہے کہ مصنوعی ذہانت (AI) کو ذمہ دارانہ طریقے سے کیسے استعمال کیا جائے۔

ہمارے ابتدائی متعلمین، ایلیمنٹری اور مڈل اسکول طلباء کے لیے، اسکا مطلب ہے تنقیدی سوچ اور ڈجیٹل خواندگی کی صلاحیتیں پیدا کرنا۔ ہمارے ہائی اسکول طلباء کے لیے، ایسی دنیا کے لیے مستعد ہونا جہاں AI پہلے ہی طرز معاش اور تمام صنعتوں کی تشکیل کر رہا ہے۔ تمام عمروں کے لیے، اسکا مطلب ہے طلباء، معلمین، قائدین اور خاندانوں کے ساتھ یہ یقینی بنانے کے لیے شراکت کرنا کہ AIکو حفاظت سے استعمال کیا جائے، یہ طلباء کی تعلیم کو فروغ دے اور معلمین کی معاونت کرے نہ کہ انکی جگہ لے۔ AI یہاں ہے اور ہماری ذمہ داری یہ ہے کہ پورے نظام میں مضبوط حفاظتی اقدامات قائم کریں، اسے شفافیت اور ذمہ داری ، اور عمر کی مناسبت سے استعمال کریں ۔

اس کام کو آگے بڑھانے کے لیے، ہم نے اس بارے میں ابتدائی رہنمائی شائع کی ہے کہ IA کو ہمارے اسکولوں میں کیسے استعمال کیا جائے۔ اس رہنمائی کا مقصد ہمارے طلباء کے تحفظ کے لیے واضح توقعات قائم کرنا، معلمین کی معاونت کرنا اور ہمارے خاندانوں کو باخبر رکھنا ہے۔

آپکے تبصرات اہم ہیں— برائے مہربانی اس کا اشتراک کریں جبکہ ہم اس کام کو جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اس موسم بہار میں، ہم اس رہنمائی کو مزید آگے بڑھاتے ہوئے ایک زیادہ جامع AI پلے بُک تیار کریں گے جو آپ جیسی برادریوں کی آراء سے تشکیل دی جائے گی۔

برائے مہربانی ابتدائی رہنمائی کا جائزہ لینے اور ایک مختصر تبصرات کا سروے مکمل کرنے کے لیے schools.nyc.gov/AI پر جائیں۔ یہ سروے 45 کیلنڈر دنوں کے لیے 8 مئی، 2026 تک کھلا رہے گا۔

میں جانتا ہوں کہ AI ہم سب کے لیے نئے سوالات اٹھاتا ہے۔ جیسے جیسے ہم آگے بڑھ رہے ہیں، ہم سننا، غور وفکر کرنا اور سوچ سمجھ کر تبدیلیاں کرنا جاری رکھیں گے جبکہ طلباء کا تحفظ اور تعلیم ہمیشہ مرکز میں رہیں گے۔

اگر تبصرات کے سروے تک رسائی کے بارے میں آپکے کوئی سوالات ہیں، برائے مہربانی schools.nyc.gov/AI پر دستیاب معلومات کا جائزہ لیں۔ ہمارے طلباء کو محفوظ رکھنے، سیکھنے اور نشو ونما پانے میں ہماری مدد کرنے میں شراکت کرنے کے لیے آپ کا شکریہ۔

شراکت میں،

Kamar H. Samuels
چانسلر